دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور کا تعارف

مرتب : پیرزادہ اقبال احمد فاروقی
ناشر : انجمن نعمانیہ ۔ اندرون ٹکسالی دروازہ ۔ لاہور
صفحات : ۱۲۰
قیمت : درج نہیں

انجمن نعمانیہ لاہور اور اس کے دینی مدرسہ ,دارالعلوم نعمانیہ، کو قائم ہوئے ایک صدی سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ گو اب دارالعلوم کو پہلے جیسا عروج حاصل نہیں ہے تاہم امام ابوحنیفہؒ کے اسم گرامی سے اپنی نسبت کی لاج نباہ رہا ہے۔ دارالعلوم اگر اپنے حال نہیں تو کم از کم شاندار ماضی کے حوالے سے اس امر کا ضرور مستحق تھا کہ اس کی صد سالہ یادگار منائی جاتی اور اس کی علمی و تعلیمی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کے لیے بہتر منصوبہ بندی کی جاتی۔ , دارالعلوم نعمانیہ ، کا اجمالی ذکر حافظ نذر احمد صاحب کے مرتبہ دینی مدارس کے جائزوں میں بھی آیا ہے۔ اسی طرح علمائے لاہور پر لکھتے ہوئے مولانا علم الدین سالک اور بعض دوسرے حضرات نے ضمناً تذکرہ کیا ہے۔ شاید مرحوم محمد دین کلیم پہلے صاحب ذوق تھے جنہوں نے اسے موضوع بنا کر ایک مختصر مضمون لکھا ۔ حال ہی میں زیر نظر کتابچہ ,دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور کا تعارف ، اشاعت پذیر ہوا ہے۔

مضامین کا بھی اندراج ہے۔ اگر مقالہ بنیادی اور اہم مآخذوں پر ھی مبنی ہوتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔

حضرت جیلانیؒ کے اوصاف کریمہ کے بیان کا اختتام اس جملے پر کیا گیا ہے , آپ اِنّکَ لَعَلیٰ خَلُقٍ عَظِیْم کا نمونہ اور اِنّک لَعَلی ھُدَیً مُسْتَقِیم کا آئینہ تھے ،(ص : ۵۰) اِن دونوں آیات میں حضرت آقای دو جہاں کو خطاب کیا گیا ہے اور اس جملے میں آیات کا استعمال طبیعت پر گراں گزرا ہے۔

کتاب گوارا کتابت کے ساتھ سفید کاغذ پر چھپی ہے۔ کارڈ بورڈ کی جلد حضرت جیلانیؒ کے مزار کی جاذبِ نظر تصویر سے مزّین ہے۔

(اختر راھی)

●●●